
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com
لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | ہفتہ 7 نومبر 2026ء 27 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 62

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.shenarnama.com

کیش لیس معیشت اہم ترین ترجیحات میں شامل ہے، وزیر اعظم

اعلیٰ سطحی اجلاس میں متعلقہ حکام کو 100 فیصد ڈیجیٹل ادائیگیوں کا نظام قائم کرنے کے لیے واضح لائحہ عمل اور مقررہ مدت کے ساتھ اہداف پیش کرنے کی ہدایت

کیش لیس معیشت کے فروغ کے لیے ملک بھر میں انٹرنیٹ کی فراہمی اور عوام کی ٹیکنالوجی تک آسان رسائی یقینی بنانا ضروری ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف نے ملک میں کیش لیس معیشت کے فروغ کو حکومت کی اہم ترین ترجیحات میں سے ایک قرار دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو 100 فیصد ڈیجیٹل ادائیگیوں کا نظام قائم کرنے کے لیے واضح لائحہ عمل اور مقررہ مدت کے ساتھ اہداف پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے ڈیجیٹل ادائیگیوں میں صارفین کو درپیش مسائل فوری حل کرنے اور ملک بھر میں انٹرنیٹ کی فراہمی کے ساتھ عوام کی ٹیکنالوجی تک آسان رسائی یقینی بنانے پر بھی زور دیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں کیش لیس معیشت کے فروغ کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو وسعت دینے اور اس سلسلے میں جاری اقدامات کا جائزہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)


اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اسی او اجلاس سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہمارا کام عوام کی خدمت، پیپلز پارٹی کا کام کرپشن کرنا ہے، حافظ نعیم

تعلیم کی فراہمی اور کھیلوں کی سرپرستی حکومت کی ذمہ داری ہے، امیر جماعت اسلامی

ناظم آباد ٹاؤن کے تحت جمال الدین افغانی اسکول اور پاک ونڈر گراؤنڈ کا افتتاح و خطاب

کراچی (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ ہمارا کام عوام کی خدمت کرنا ہے جبکہ پیپلز پارٹی کا کام کرپشن کرنا ہے۔ عوام کو اس کرپٹ ٹولے سے نجات حاصل کرنی اور اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کرنی ہوگی، آئین کے مطابق اچھی اور معیاری تعلیم فراہم کرنا اور کھیلوں کی سرپرستی حکومت و ریاست کی ذمہ داری ہے۔ کراچی پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

محکمہ اطلاعات پختونخوا کی 13 سالہ گاڑیوں کا ریکارڈ طلب

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے محکمہ اطلاعات میں گزشتہ 13 سال کے دوران گم ہونے والی سرکاری گاڑیوں کا ریکارڈ طلب کر لیا گیا، جبکہ گمشدہ گاڑیاں 72 گھنٹوں میں واپس نہ کرنے والے ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مشیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

عوام کا جینا مشکل ہو چکا ہے، حقوق کیلئے لڑائی نہ کرنے پر بلاول بھٹو

تنقید کرنا آسان جبکہ عملی طور پر کام کرنا مشکل ہے، طاقت کا حقیقی استعمال محفوظ، منصفانہ اور پائیدار مستقبل کی تعمیر میں ہے، چیئرمین پیپلز پارٹی

ہماری ہمیشہ یہ ترجیح رہی ہے کہ معاشرے کے پسماندہ طبقے کو عالمی معیار کی صحت کی سہولیات فراہم کی جائیں، تقریب سے خطاب

لاڑکانہ (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ تنقید کرنا آسان جبکہ عملی طور پر کام کرنا مشکل ہے۔ سندھ کے علاقے لاڑکانہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں سہولیات کی فراہمی کو ترجیح قرار دے دیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ تنقید کرنا آسان جبکہ عملی طور پر کام کرنا مشکل ہے، طاقت کا حقیقی استعمال محفوظ، منصفانہ اور پائیدار مستقبل کی تعمیر میں ہے، موجودہ حالات میں دنیا بھر کو معاشی بحران کا سامنا ہے اور پاکستان کے عوام بھی اس سے متاثر ہو رہے ہیں۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ انہیں کافی عرصے بعد لاڑکانہ آنے کا موقع ملا ہے، بلوچستان سمیت دیگر علاقوں سے بھی لوگ علاج معالجے کے لیے لاڑکانہ آتے ہیں، ہماری ہمیشہ یہ ترجیح رہی ہے کہ معاشرے کے پسماندہ طبقے کو عالمی معیار کی صحت کی سہولیات فراہم کی جائیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کوئی بھی شہری مالی وسائل نہ ہونے کی وجہ سے علاج معالجے کی سہولت سے محروم نہیں رہے گا، لاڑکانہ اور قمبر شہداد کوٹ میں مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایس سی او اجلاس، عالمی رہنماؤں کے استقبال کی تیاریاں

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدید اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز

اسلام آباد (صباح نیوز) شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہانِ مملکت کے اجلاس 2027ء کی میزبانی کے سلسلے میں اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر جدید اسٹیٹ لاؤنج کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر نئے اسٹیٹ لاؤنج کا سنگ بنیاد رکھا اور منصوبے کی یادگاری تختی کی نقاب کشائی کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

ملتان قدیم ترین مسلسل آباد شہروں میں سے ایک ہے، یوسف گیلانی

ٹیلی مٹی کی مصنوعات، سرامکس اور روایتی دستکاری پذیرائی کی مستحق ہے، تقریب سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان کی روایتی مصنوعات، ثقافتی ورثے اور ہنرمند افرادی قوت کو عالمی سطح پر متعارف کرانے اور فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان برآمدات، تجارت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)


اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال سے سعودی سفیر مصافحہ کر رہے ہیں

بجلی مزید مہنگی کرنے کیلئے نیپرا میں درخواست دائر

لیپسیٹی چارجز، 38 ارب 92 کروڑ وصولی کی درخواست دائر، 17 نومبر کو

اسلام آباد (صباح نیوز) ملک بھر کے بجلی صارفین سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں اضافے کے لئے ہوجائیں تیار کیونکہ تقسیم کار کمپنیوں نے بجلی مہنگی کرنے کے لیے نیپرا میں درخواست جمع کرادی۔ بجلی صارفین سے 23 ارب 33 کروڑ روپے کی وصولی کے لیے درخواست جمع کرادی گئی، درخواست رواں سال کی تیسری سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں جمع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

اسپاٹیفائی نے Shareh کو راڈار پاکستان آرٹسٹ نامزد کر دیا

نوجوان میں مقبولیت، Shareh کا اپنا کام اپنی جڑوں سے گہرا تعلق رکھتا ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) اسپاٹیفائی نے کراچی سے تعلق رکھنے والے اردو ہپ ہاپ آرٹسٹ Shareh کو 2026 کی چوتھی سہ ماہی کے لیے اپنا RADAR Pakistan آرٹسٹ منتخب کیا ہے۔ یہ انتخاب ایک ایسی ابھرتی ہوئی آواز کو نمایاں کرتا ہے جس کا مختلف اصناف کو یکجا کرنے والا انداز اور اپنے اندر جھانکتی ہوئی شاعری پاکستان کے ارتقا پذیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد اور روسی پراسیکیوٹر جنرل کا گروپ فوٹو

وفاقی محتسب پیچیدہ تنازعات کے فیصلہ نہیں کر سکتا، سپریم کورٹ

خواتین کے جائیداد حقوق سے متعلق محتسب اور پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کالعدم قرار

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان نے وفاقی محتسب کے اختیارات سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ محتسب کو پیچیدہ جائیداد تنازعات اور متنازعہ ملکیتی حقوق کا حتمی فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل نہیں، ایسے معاملات کا فیصلہ مجاز سول عدالتیں ہی کر سکتی ہیں۔ عدالت نے خواتین کے جائیداد حقوق سے متعلق محتسب اور پشاور ہائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

کسان بورڈ خیبر پختونخوا کے صوبائی کونسل کا اجلاس

کاشتکاروں کو درپیش مشکلات اور شعبہ زراعت کے مختلف مسائل پر طویل غور و خوض

پشاور (نمائندہ شہرنامہ) کسان بورڈ خیبر پختونخوا کے صوبائی کونسل کا اجلاس مرکز اسلامی پشاور میں مرکزی نائب صدر رضوان اللہ مہند کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں مرکزی صدر سردار ظفر حسین نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں کاشتکاروں کو درپیش مشکلات اور شعبہ زراعت کے مختلف مسائل پر طویل غور و خوض ہوا اور زراعت کی بہتری کے لئے حکومت کو مختلف تجاویز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ملتان، ماں، 2 بہنوں کو زندہ جلانے والا سنگدل بیٹا مقابلے میں ہلاک

ملزم نے دوران تفتیش تینوں خواتین کو قتل کرنے کا اعتراف بھی کیا تھا

ملتان (آئی این پی) کہروڑ پکا میں ماں اور دو بہنوں کو بے ہوش کر کے زندہ جلانے والا سنگدل بیٹا سی سی ڈی مقابلے کے دوران ہلاک ہوگیا۔ سی سی ڈی کے مطابق ملزم نے اپنی سگی ماں اور دو بہنوں کو بے ہوش کر کے پیٹرول چھڑکا اور آگ لگا دی تھی جبکہ تینوں خواتین کو قتل کرنے کے بعد ملزم نے واقعے کو شارٹ سرکٹ کے باعث لگنے والی آگ کا رنگ دیا تھا۔ گھر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پاکستان برطانیہ کا سائبر کرائم و فراڈ کیخلاف تعاون بڑھانے پر اتفاق

برطانوی وزیر سلامتی ڈین جاروس کا دورہ پاکستان، اسحاق ڈار، محسن نقوی، دیگر حکام سے ملاقاتیں، وفود کی سطح پر بات چیت

مشترکہ سیکیورٹی خطرات کا سامنا، خطرات کا مل کر مقابلہ کرنے سے محفوظ ہو سکتے ہیں، برطانوی وزیر ڈین جاروس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی وزیر سلامتی ڈین جاروس نے پاکستان کا دورہ کیا، حکام سے ملاقاتیں کیں جن میں انسداد دہشت گردی، انسداد منشیات، نادرا، سائبر کرائم، امیگریشن، کوسٹ گارڈز اور تربیتی پروگرامز میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ ڈین جاروس نے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں افغانستان کی صورتحال اور علاقائی سلامتی سمیت انسداد دہشت گردی اور سنگین منظم جرائم کے خلاف مشترکہ اقدامات پر گفتگو ہوئی۔ دونوں ممالک نے دہشت گردی، منظم جرائم، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)


اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف کیش لیس اکانومی بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ترک پارلیمنٹ میں پاکستان سعودیہ کیساتھ مشترکہ دفاعی معاہدہ کی توثیق

ترک ارکانِ پارلیمان کی منظوری کے بعد نافذ معاہدے کے تحت کسی ایک فریق پر حملہ تمام فریقوں پر حملہ تصور کیا جائے گا

یہ اتحاد مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور اس کا مقصد کسی دوسرے ملک پر حملہ کرنا نہیں، چیئرمین خارجہ امور کمیٹی


ایس سی او وزرائے خارجہ کانفرنس کی تیاریوں کے سلسلہ میں راول ڈیم انڈر پاس پر پرچم آویزاں کیے گئے ہیں

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کی پارلیمنٹ نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی توثیق کر دی۔ ترک میڈیا کے مطابق 600 رکنی ترک پارلیمنٹ میں معاہدے کے حق میں 279 ووٹ آئے جبکہ 119 ارکان نے مخالفت کی، مجموعی طور پر 398 ارکان نے ووٹنگ کے عمل میں حصہ لیا۔ ترک ارکانِ پارلیمان کی منظوری کے بعد نافذ ہونے والے اس معاہدے کے تحت کسی ایک فریق پر حملہ تمام فریقوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ ترک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

پنجاب میں کرپشن الزامات، چوہدری سالک کو وزیر اعلیٰ کا نوٹس مل گیا

اسلام آباد، (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے امور بیرون ملک پاکستان چوہدری سالک حسین اور پنجاب حکومت کے درمیان لفظی جنگ میں مزید شدت آ گئی، وفاقی وزیر نے خانیوال کے بیوٹیفکیشن منصوبے میں مالی بے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پختونخوا میں بچیوں کی شادی کی عمر 16 سال کیخلاف درخواست دائر

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں بچیوں کی شادی کی عمر 16 سال کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست لینا قمردار ماہم نفیس نے عمران (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

پی ٹی آئی سے کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، رانا ثنا اللہ

فضل الرحمٰن کو اگر گورنر راج پر اختلاف ہے تو وہ اختلاف رائے رکھ سکتے ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے اس وقت کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، بیک ڈور رابطے ہوتے رہتے ہیں لیکن باضابطہ طور پر کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گورنر راج اپنے مقاصد کے حصول تک جاری رہے گا، بھارت اور افغانستان کی مدد سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

محسن نقوی کا مارگلہ روڈ توسیعی، سنگجانی انٹرچینج پروجیکٹ کا دورہ

مارگلہ روڈ توسیع کے پروجیکٹ کو بھی ڈیڈ لائن سے بہت پہلے مکمل کر لیں گے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی مارگلہ روڈ توسیعی منصوبے اور سنگجانی انٹرچینج پروجیکٹ کا دورہ کیا، تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور کام تیز کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)


اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نومئی مقدمات، پی ٹی آئی رہنماؤں کی ضمانت میں 8 دسمبر تک توسیع

ملزمان کے وکلاء سے ضمانتوں پر دلائل طلب، علیمہ خانم اور عظمیٰ خانم پیش نہیں ہوئیں

لاہور (صباح نیوز) مسلم لیگ ن کا آفس اور کلمہ چوک پر کنٹینر جلانے سمیت نومئی کے چھ مقدمات میں پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان کی عبوری ضمانتوں میں 8 دسمبر تک توسیع کر دی گئی۔ مسلم لیگ (ن) کا آفس جلانے اور کلمہ چوک پر کنٹینر جلانے سمیت نومئی کے چھ مقدمات میں پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنان کی عبوری ضمانتوں پر سماعت ہوئی۔ سابق وفاقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

افراراالحسن پر فرد جرم کیلئے 20 نومبر کی تاریخ مقرر

کراچی (آئی این پی) جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت نے اینکر افراراالحسن کے خلاف سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد کی تشہیر کے مقدمے میں فرد جرم عائد کرنے کیلئے 20 نومبر کی تاریخ مقرر کر دی۔ سماعت کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پاکستان روس کا آئی ٹی جدید کمپیوٹنگ میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتیں اور روس کی سائنسی و انجینئرنگ مہارت ایک دوسرے کے لیے معاون ثابت ہو سکتی ہیں

ای پاکستان معاشی تبدیلی کا اہم ستون ہے، 2035 تک ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت کا ہدف مقرر کیا، احسن اقبال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور روس کے درمیان انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور جدید کمپیوٹنگ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اسلام آباد میں پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ اور روس کی یونیورسٹی آف ورلڈ سویلائزیشنز کے اشتراک سے پاک روس آئی ٹی تعاون پر اعلیٰ سطح کا دو ہینار منعقد ہوا، جس کی صدارت وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کی۔ دو ہینار سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)


کراچی، سینیٹر جام سیف اللہ خان سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کمپنی ہیڈ کوارٹرز میں سینیٹ قائمہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی اے کی درخواست پر میٹا نے ایک لاکھ 76 ہزار اکاؤنٹس بند کر دیئے

غیر فعال اور منسوخ نمبرز پر واٹس ایپ کے ذریعے سائبر فراڈ کی شکایات سامنے آئی تھیں

نیویارک (آئی این پی) ری سائیکل موبائل نمبرز پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس کی بندش شروع ہوگئی، میٹا نے پی ٹی اے کی درخواست پر ایک لاکھ 76 ہزار اکاؤنٹس بند کر دیئے۔ پی ٹی اے حکام کے مطابق غیر فعال نمبرز پر واٹس ایپ اکاؤنٹس سائبر فراڈ کا بڑا ذریعہ بن رہے تھے۔ پی ٹی اے کی درخواست پر میٹا نے ری سائیکل موبائل نمبرز پر فعال ایک لاکھ 76 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد ہائیکورٹ، آئندہ ہفتے کیلئے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں آئندہ ہفتے کیسز کی سماعت کیلئے ججز کا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا گیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائی کورٹ کی منظوری سے ڈپٹی رجسٹرار جوڈیشل نے آئندہ ہفتے کے لئے ججز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، دفتر خارجہ

خطے میں امن و استحکام چاہتے ہیں، علاقائی تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ضروری ہے

تنازع فلسطین کے دو ریاستی حل پر عملدرآمد ناگزیر، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں اردن سے یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں، ترجمان

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پاکستان نے ایک بار پھر سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے اس کے ساتھ کھڑا ہے، خطے میں امن و استحکام چاہتے ہیں، تنازع فلسطین کے دو ریاستی حل پر جلد عمل درآمد ضروری ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے اسلام آباد میں ہفتہ وار نیوز بریفنگ کے دوران صحافیوں کو بتایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



استنبول، وفاقی وزیر جام کمال کا او آئی سی ممبر سٹیٹس کے وفود کے سربراہوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

سعودی عرب کی حوثی مطالبات کی امریکی رپورٹ مسترد

یمن کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت موجود ہے، نائب وزیر برائے پبلک ڈپلومیسی

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب نے وال سٹریٹ جرنل کی اس رپورٹ کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ حوثیوں نے کارروائیاں روکنے کے بدلے 51 ارب ڈالر اور یمن میں اپنی حکمرانی کو تسلیم کیے جانے کا مطالبہ کیا ہے۔ سعودی عرب کے نائب وزیر برائے پبلک ڈپلومیسی ڈاکٹر رائد کریملی نے سوشل میڈیا پر جاری اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

13 ویں آرمی کیڈٹس ویک، پاکستانی کیڈٹس نے سلور میڈل جیت لیا

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین میں منعقدہ 13 ویں انٹرنیشنل آرمی کیڈٹس ویک میں پاکستانی کیڈٹس نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بین الاقوامی ٹیموں میں پہلی اور مجموعی مقابلے میں دوسری پوزیشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

شیخوپورہ، آئل ٹینکر پھٹنے سے جھلسنے والے 2 افراد جاں بحق

شیخوپورہ (آئی این پی) شیخوپورہ کے علاقے ماچھی کے میں آئل ٹینکر پھٹنے سے جھلسنے والے دونوں افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق آئل ٹینکر سے پیٹرول لیک ہو رہا تھا اس کے باوجود ویلڈر نے ویلڈنگ شروع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

کرپشن پورے ملک میں ہے، پنجاب تک محدود نہیں، خواجہ آصف

چوہدری سالک نے جو باتیں کیں، لگتا ہے مستقبل کیلئے بساط بچھائی جا رہی ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ چوہدری سالک نے جو باتیں کیں یہ مستقبل کیلئے کوئی بساط بچھائی جا رہی ہے، ایسے بیانات کا مقصد حکومت کو ڈس کریڈٹ کرنا ہے تاکہ نئے لوگوں کو پیش کیا جا سکے۔ ایک انٹرویو میں سیاسی حالات اور چوہدری سالک حسین کے حالیہ بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ انھوں نے جو باتیں کیں یہ مستقبل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

گوجرانوالہ، ساہیوال ضمنی الیکشن کیلئے فوج، رینجرز تعیناتی کی منظوری

فوج اور رینجرز کی تعیناتی 7 نومبر سے 9 نومبر کے دوران مخصوص جگہوں پر ڈیوٹی ہوگی

اسلام آباد (ٹباح نیوز) وفاقی حکومت نے گوجرانوالہ اور ساہیوال کے ضمنی الیکشن کے لیے فوج اور رینجرز تعینات کرنے کی منظوری دے دی۔ گوجرانوالہ کے حلقہ این اے 77 کے ضمنی انتخاب اور ساہیوال کے حلقہ پی پی 203 کے ضمنی انتخاب کی سیکیورٹی کے لیے بھی فوج، رینجرز کی تعیناتی کی جائے گی۔ فوج اور رینجرز کی تعیناتی 7 نومبر سے 9 نومبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

BISP فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں کی ترقی کے پائلٹ پروگرام کی منظوری

اقدام کا مقصد سے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے 300 مستحقین کو بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ فنی تربیت فراہم کرنا ہے

BISP خیرات نہیں، مستحق افراد کی معاونت کا پروگرام، قومی معیشت اور انسانی ترقی میں سرمایہ کاری ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے بورڈ کی جانب سے Pak-Austria Fachhochschule Institute of Applied Sciences and Technology (PAF-IAST)، ہری پور کے اشتراک سے رہائشی بنیادوں پر فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں کی ترقی کے پائلٹ پروگرام کی منظوری بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

عرب ممالک کی بیلسٹک میزائل سے نشانہ بنانے کی حوثیوں کی کوشش کی مذمت

ریاض/دوحہ (آئی این پی) قطر، کویت، بحرین اور اردن نے یمن کے حوثی گروپ کی جانب سے سعودی عرب کے مدینہ منورہ کے علاقے کو بیلسٹک میزائل سے نشانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)


اسلام آباد، وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاحت سردار یاسر الیاس یمنی فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روہانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

گورنر خیبر پختونخوا کو وزیراعلیٰ کے اختیارات مل گئے!

وفاقی کابینہ نے گورنر خیبر پختونخوا کو وزیراعلیٰ کے اختیارات منتقل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے زیر صدارت بدھ کو ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں یہ منظوری دی گئی۔ وزیراعظم آفس کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا مذکورہ اختیارات کے استعمال کے حوالے سے جائزہ رپورٹ ہر ماہ وفاقی حکومت کو پیش کریں گے جبکہ ایڈوائزری کونسل گورنر کی قیادت میں صوبے کے عوام کی بہتری اور خوشحالی اور صوبے میں اَمن و امان کے قیام کے لئے بھرپور کاوشیں یقینی بنائے گی۔ خیبر پختونخوا میں پیدا ہونے والے آئینی اور انتظامی خلاء کو ختم کرنے کے لئے کابینہ نے گورنر خیبر پختونخوا کو صوبے کے چیف ایگزیکٹو کے تمام اختیارات منتقل کرنے کی منظوری دی۔ اِس کے بعد صوبے کی تمام تر انتظامی باگ ڈور گورنر کے ہاتھوں میں آ چکی ہے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے فنڈز کی بروقت فراہمی اور صوبائی مسائل کے حل کے لئے کی جانے والی کوششیں آئینی اور قانونی تناظر میں صوبائی ڈھانچے کو مکمل طور پر مفلوج ہونے سے بچانے کی سبیل ہو سکتی ہیں تاہم اِس حقیقت سے نظریں نہیں چرائی جا سکتیں کہ آئینی نظام میں غیر معمولی اقدامات عارضی حل تو ضرور ہوتے ہیں لیکن کسی بھی طور مستقل نظام کا متبادل نہیں ہو سکتے۔ اِس سے قبل وزیراعظم شہباز شریف کے زیر صدارت منگل کو قومی اور داخلی سلامتی سے متعلق ہونے والے اہم اجلاس میں خیبر پختونخوا کی موجودہ صورتحال، اَمن اور امان کے مسائل کے علاوہ انسدادِ دہشت گردی کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اجلاس میں اعلیٰ عسکری و سول حکام کے علاوہ وفاقی وزراء اور گورنر خیبر پختونخوا شریک ہوئے اور فیصلہ کیا گیا کہ صوبے میں انٹیلی جنس آپریشنوں کا دائرہ کار بڑھانے کے علاوہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں سمیت تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنائی جائے۔ اجلاس میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد صوبے کے حکومتی امور اور انتظامی اقدامات کے علاوہ اَمن اور امان کی مجموعی صورت حال پر خصوصی غور کیا گیا تھا۔ وفاقی حکومت کی طرف سے خیبر پختونخوا کے لئے اعلان کردہ 160 ارب روپے کے پیکیج پر عملدر آمد کی پیشرفت کا جائزہ بھی لیا گیا تھا۔

خیبر پختونخوا اسکیورٹی کے ناگفتہ بہ حالات، معاشی زبوں حالی، ترقیاتی کاموں کی سست روی اور عوامی بے چینی کا شکار رہا ہے، وفاق نے چونکہ 160 ارب روپے کی خطیر رقم کی فراہمی کا اعلان کر دیا ہے اِس لئے گورنر اور اُن کی ایڈوائزری کونسل کو چاہئے کہ وہ اِن وسائل کا شفاف اور فوری استعمال یقینی بنائیں۔ تاہم گورنر اور عبوری انتظامیہ کو یہ بات مدِنظر رکھنا ہو گی کہ گورنر راج یا غیر معمولی انتظامی سیٹ اَپ کو زیادہ دیر تک برقرار رکھنا آئین کی روح کے مطابق ہے اور نہ ہی یہ جمہوری اقدار کے شایانِ شان۔ یہ حقیقت نظرانداز نہیں کی جا سکتی کہ پی ٹی آئی ایک دہائی سے زائد عرصے تک خیبر پختونخوا کی سب سے بڑی سیاسی قوت رہی ہے، صوبے کے عوام نے تین بار اِس پر اعتماد کا اظہار کیا لیکن وفاقی حکومت کا موقف ہے کہ دہشت گردی سمیت کئی دیگر ایسے معاملات ہیں جن میں صوبائی حکومت اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہی، اِسی بنیاد پر صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا۔ موجودہ سیاسی اور انتظامی حالات میں پی ٹی آئی کی قیادت کو صوبائی معاملات کی نزاکت اور حساسیت کا ادراک کرنا ہو گا، محاذ آرائی، مسلسل تصادم اور وفاق کے ساتھ کھنچاؤ کی پالیسی نے صوبے کو فائدے کے بجائے شدید نقصان پہنچایا ہے۔ سیاست میں جمود اور ضد کا نتیجہ بالآخر عوامی محرومی کی صورت میں نکلتا ہے۔ تحریک انصاف کی مرکزی اور صوبائی قیادت کو اپنی صفوں کا ازسرِ نو جائزہ لینے اور اندرونی محاسبہ کی سخت ضرورت ہے۔ پارٹی کو چاہیے کہ وہ اپنی ایسی سیاسی قیادت کو سامنے لائے جو تدبر، سیاسی بصیرت اور صلح جوئی کی صلاحیت رکھتی ہو، ایسی قیادت جو وفاق کے ساتھ تلخیاں بڑھانے کے بجائے باہمی احترام اور تعاون کی فضاء قائم کر سکے۔ پاکستان جیسی وفاقی مملکت میں مرکز اور صوبوں کو مِل جُل کر کام کرنا جمہوری نظام کے لئے ناگزیر ہے۔ وفاق اور صوبائی حکومت جب تک ایک پیج پر نہ ہوں، کسی صوبے کا ترقی کرنا شاید ممکن نہ ہو پائے۔

خیبر پختونخوا میں جاری بدامنی اور دہشت گردی کی لہر نے نہ صرف انسانی جانوں کا ضیاع کیا ہے بلکہ صوبے میں معاشی سرگرمیوں، سرمایہ کاری اور انفراسٹرکچر کی ترقی کو بھی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے۔ دہشت گردی کے ناسور کو اُس وقت تک ختم نہیں کیا جا سکتا جب تک ریاست کے تمام اداروں کے علاوہ وفاقی اور صوبائی سیاسی قیادت مل کر ایک جامع حکمتِ عملی پر متفق نہ ہوں۔ پی ٹی آئی کی نئی اور مفاہمت پسند قیادت ہی وفاق، سکیورٹی اداروں اور دیگر سیاسی دھڑوں کے ساتھ مل کر اَمن کی بحالی کا پائیدار راستہ ہموار کر سکتی ہے۔ خیبر پختونخوا کے عوام کے جمہوری حقوق کی بحالی اور اُنہیں ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے لئے فریقین کو اپنے سیاسی مفادات سے بالاتر ہو کر سوچنا ہو گا۔ وفاقی کابینہ کے فیصلوں کے بعد گورنر خیبر پختونخوا اور اُن کی ٹیم کو تمام تر اہداف کم سے کم وقت میں حاصل کرنا چاہئیں تاکہ عبوری مرحلے سے مستقل نظام کی طرف بڑھا جا سکے۔

امریکہ میں تبدیلی!



امریکہ کے وسط مدتی انتخابات کے ابتدائی نتائج میں ڈیموکریٹک پارٹی کے امیدواروں کو نمایاں سبقت حاصل ہو چکی ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈیموکریٹس نے نہ صرف ایوانِ نمائندگان بلکہ سینیٹ کا کنٹرول بھی سنبھال لیا ہے۔ اِن سطور کی تحریر تک سامنے آنے والے نتائج کے مطابق ایوانِ نمائندگان میں ڈیموکریٹس کو 231 جبکہ ریپبلکنز کو 139 نشستوں پر برتری حاصل تھی۔ امریکی سینیٹ میں بھی ڈیموکریٹس 54 نشستیں حاصل کر کے اپنی پوزیشن مستحکم کر چکے تھے۔ ابتدائی نتائج کے مطابق سینیٹ میں ڈیموکریٹس کی تعداد 54 جبکہ ریپبلکنز کی تعداد 44 تھی۔ ایوانِ نمائندگان کی کُل 435 نشستیں ہیں اور اِس کا کنٹرول سنبھالنے کے لئے کسی بھی جماعت کو 218 نشستوں پر جبکہ امریکی سینیٹ میں سادہ اکثریت کے لئے 100 میں سے 51 نشستیں درکار ہوتی ہیں۔ اِن وسط مدتی انتخابات کے نتائج کے موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سیاسی عزائم اور پالیسیوں کو شدید دھچکا لگا ہے۔ داخلی اور خارجی محاذ پر اُن کے کئی اقدامات ووٹرز کے ہاں پذیرائی حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ سیاہ فام آبادی کے حقوق، سخت گیر امیگریشن پالیسیاں، اسلاموفوبیا، ایران جنگ اور اِس کے نتیجے میں ملک بھر میں بڑھتی مہنگائی اور ”ٹیرف وار“ سمیت بعض دیگر عوامل شکست کا باعث بن گئے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے انتخابات میں ایران کے ساتھ جاری تنازعے کے منفی کردار کو کھلے عام تسلیم کیا کرتے ہوئے کہا کہ ریپبلکن پارٹی کی توقع کے مطابق کامیابی نہ ملنے کی ایک اہم وجہ ایران تنازعہ اور اُس کے نتیجے میں معیشت پر پڑنے والے اثرات تھے۔ اُنہوں نے اعتراف کیا کہ عام شہری پٹرول کی قیمتوں میں اضافے اور دیگر اشیائے ضروریہ کی مہنگائی کی صورت میں سامنے آنے والے قلیل مدتی معاشی نتائج کو بھگتنے کیلئے ذہنی طور پر تیار نہیں تھے۔ یہ امر اِس بات کا غماز ہے کہ عام امریکی ووٹر کیلئے روزمرہ کی معاشی آسودگی اور زندگی کی بنیادی لاگت نظریاتی یا جارحانہ خارجی پالیسیوں سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی صدارتی مدت کے ابھی دو سال باقی ہیں تاہم انتخابات کے نتائج نے واضح کر دیا ہے کہ اُنہیں اقتدار کے بقیہ عرصے میں شدید داخلی سیاسی کشمکش اور پارلیمانی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ڈیموکریٹک پارٹی نے ایوانِ نمائندگان کے ساتھ سینیٹ میں بھی اکثریت حاصل کر کے امریکی کانگریس کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے جس سے وائٹ ہاؤس کی قانون سازی، انتظامی فیصلوں اور پالیسی سازی پر اثرانداز ہونے کی صلاحیت محدود ہو سکتی ہے۔ امریکی سیاسی نظام میں صدر کو وسیع انتظامی اختیارات حاصل ہیں لیکن اِن اختیارات کے استعمال پر کانگریس کی نگرانی اور آئینی حدود بھی موجود ہیں۔ اب ڈیموکریٹس نہ صرف حکومتی قانون سازی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتے ہیں بلکہ انتظامیہ کے اقدامات کی تحقیقات، حکومتی تقرریوں کی مخالفت اور پالیسیوں پر مؤثر نگرانی کا اختیار بھی استعمال کر سکیں گے، وائٹ ہاؤس کے لئے اب اپنی مرضی کے فیصلے کرنا اور اُنہیں بلامزاحمت نافذ کروانا پہلے جتنا آسان نہیں ہو گا۔ جمہوریت میں طاقت کا توازن ہی اصل طاقت ہوتا ہے اور امریکی عوام نے بیلٹ پیپر کے ذریعے اسی توازن کو تبدیل کر کے حکمران جماعت کو ایک واضح سیاسی پیغام دے دیا ہے۔ اِس سیاسی و انتخابی اتھل پتھل میں ایک قابلِ توجہ پہلو صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا انتخابی نتائج کے بعد اختیار کردہ رویہ بھی ہے۔ اُنہوں نے نتائج قبول کرنے اور ڈیموکریٹس کے ساتھ مل کر کام کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی ہے۔ اگرچہ انتخابی مہم کے دوران وہ مخالف جماعت کے اقدامات کو ویٹو کرنے اور ڈیموکریٹس کی تجاویز کی بھرپور مخالفت کرنے کے اعلانات کرتے رہے تاہم نتائج سامنے آنے کے بعد اُنہوں نے مخالف جماعت کی کامیابی کو تسلیم کرتے ہوئے تعاون کا عندیہ دیا ہے۔ یہ اَمر اپنی جگہ اہم ہے کہ وسط مدتی انتخابات میں صدر کی اپنی نشست داؤ پر نہیں ہوتی بلکہ کانگریس کے ایوانوں اور بعض ریاستی عہدوں کے لئے عوام فیصلہ کرتے ہیں اِس لئے اِسے صدر کی ذاتی انتخابی شکست قرار دینے کے بجائے اُن کی جماعت کی سیاسی ناکامی اور حکومتی پالیسیوں پر عوامی ردِعمل سمجھنا زیادہ مناسب ہو گا۔ ٹرمپ نے بھی نتائج پر ردِعمل دیتے ہوئے یہ مؤقف اختیار کیا کہ اگر وہ خود انتخابی میدان میں ہوتے تو اُن کی جماعت کامیاب رہتی تاہم ڈیموکریٹس کی کامیابی کو سراہنے اور اُن کے ساتھ کام کرنے کی آمادگی کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکے۔ جمہوریت کا حسن یہی ہے کہ اِس میں اختلافِ رائے کو تسلیم کیا جائے، عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے اور سیاسی مفادات کو آئین و قانون سے بالاتر نہ سمجھا جائے۔ کسی بھی حکمران یا سیاسی جماعت کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ عوام کے فیصلے کو اپنی خواہشات کے تابع بنانے کی کوشش کرے۔ اقتدار عارضی ذمہ داری ہے جبکہ ریاستی اداروں، آئین اور جمہوری نظام کا تسلسل مستقل اہمیت رکھتا ہے۔ امریکہ کے اِن انتخابات اور ان کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال سے پاکستان کے سیاسی منظرنامے کے لئے بھی سیکھنے کے بہت سے اسباق موجود ہیں۔ فرق صرف سیاسی نظام کا نہیں بلکہ سیاسی رویوں، اداروں کے احترام اور اختلافِ رائے برداشت کرنے کی صلاحیت کا بھی ہے۔ امریکہ میں صدر کے اختیارات کے باوجود کانگریس ایک خودمختار آئینی ادارے کے طور پر حکومتی فیصلوں کا جائزہ لیتی ہے، جبکہ اپوزیشن کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ حکومتی پالیسیوں کی مخالفت کرے، متبادل تجاویز پیش کرے اور عوامی مسائل کو ایوان میں اٹھائے۔ پاکستان میں بھی پارلیمان کو آئینی طور پر قانون سازی، حکومتی نگرانی اور عوامی نمائندگی کے بنیادی فرائض سونپے گئے ہیں، لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں سیاسی اختلاف اکثر ذاتی دشمنی، الزام تراشی اور اداروں کی رسہ کشی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ کبھی حکومت اپوزیشن کو سیاسی عمل سے باہر رکھنے کی کوشش کرتی ہے تو کبھی اپوزیشن احتجاج اور محاذ آرائی کو ہی تبدیلی کا راستہ سمجھنے لگتی ہے۔

بخیئے اُدھیڑ کر سیا کر



روزانہ کی بنیاد پر ایک نیا حکم نیا فرمان آ جاتا ہے۔ کوئی وجہ بتائی جاتی ہے اور نہ جواز فراہم کیا جاتا ہے بس ایک حکم ہے، جس پر عملدرآمد کا فوری پروانہ نظر نواز ہوتا ہے۔ اب تازہ فرمان یہ جاری ہوا ہے کہ چھ ایسی یونیورسٹیاں جو کالجوں سے یونیورسٹیوں میں تبدیل کی گئی تھیں اُن کے نام سے اب ”یونیورسٹی“ ہٹا دیا گیا ہے۔ ان میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد، گورنمنٹ کالج خواتین یونیورسٹی فیصل آباد، گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی سیالکوٹ، گورنمنٹ صادق کالج یونیورسٹی بہاولپور اور لاہور کالج فار وویمن یونیورسٹی لاہور شامل ہیں اب انہیں گورنمنٹ کالج کہا جائے گا، یونیورسٹی نہیں، تاہم ان کا یونیورسٹی سٹیٹس برقرار رہے گا، یعنی یہ ڈگری ایوارڈنگ ادارے ہوں گے۔ اب اس کے پس پردہ منطق کیا ہے، نوٹیفکیشن میں تو اِس کا بیان نہیں ہوا تاہم 6 مئی 2026ء کو یونیورسٹی ایکٹ میں ایک ترمیم صوبائی اسمبلی نے پاس کی تھی جس میں نام تبدیل کرنے کا فیصلہ ہوا تھا۔ اب 23 اکتوبر کو محکمہ ہائر ایجوکیشن نے اس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ یہ تجربات کیوں کئے جاتے ہیں ان کا فائدہ کیا ہوتا ہے یہ تو کبھی سامنے نہیں آتا، البتہ اس شق میں کتنے کروڑ روپے اب ضائع ہوں گے یہ بات بہت پکی ہے کہ ان کا حجم بہت زیادہ ہو گا۔ ایک ادارے کے نام کی تبدیلی معمولی بات نہیں ہوتی، پوری سٹیشنری، پورا ریکارڈ، مین گیٹ سے لے کر ہر جگہ لگنے والے بورڈ و سندات، غرض ہر چیز نئی بنانا پڑتی ہے پھر ادارے کی شناخت کا بھی عالمی سطح پر مسئلہ بن جاتا ہے، جو طلبہ یونیورسٹی نام کی ڈگری لیکر جا چکے، اب وہ وضاحتیں دیتے رہیں گے ہم جب پڑھتے تھے، اُس وقت نام کے ساتھ یونیورسٹی بھی تھا۔ اب جو نئے داخل ہوئے ہیں انہیں ڈگری کالج والے نام کے ساتھ جاری ہو گی، گوگل سرچ میں آپ ایک حرف بھی دوسرا لکھ دیں تو شناخت بدل جاتی ہے، یہاں تو پورا نظام ہی بدل دیا گیا ہے، جس زمانے میں یہ سب کچھ ہو رہا تھا، کسی نے اعتراض نہیں کیا اور اب جو کیا گیا ہے اس پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہو گا کہ سب اپنی دنیا میں مگن رہتے ہیں۔ گورنمنٹ کالج لاہور کے راوین تو اس فیصلے پر بہت خوش ہیں انہوں نے کبھی بھی گورنمنٹ کالج کے ساتھ یونیورسٹی کے لفظ کو خوش دِلی سے قبول نہیں کیا تھا۔ اُن کے بقول گورنمنٹ کالج لاہور کی اپنی شناخت اتنی بھاری بھرکم اور درخشندہ روایات کی حامل ہے کہ اُسے کسی اضافت کی ضرورت ہی نہیں تھی، ویسے بھی اُس زمانے میں جو شہ دماغ تھے انہوں نے یہ عجوبہ تخلیق کیا تھا کہ کالج کے ساتھ یونیورسٹی لگا دیا تھا اور درمیان میں کوئی فل سٹاپ، کوئی قامہ اور انٹر بھی نہیں تھا۔

اب جبکہ بندوبستی نظام چل پڑا تھا اور لوگ گورنمنٹ کالج کے ساتھ یونیورسٹی لگانے کے عادی ہو گئے تھے اسے بیک جنبشِ قلم بدل دیا گیا۔ ہونا تو یہ چاہئے اب نام کی تبدیلی سے پہلے ان اداروں کے اساتذہ سے رائے لی جائے کیونکہ جب ان کالجوں کو یونیورسٹی بنایا گیا تو اُن کی شناخت بھی بدل گئی۔ وہ کالج اساتذہ سے یونیورسٹی کے اساتذہ بن گئے۔ اب انہیں دوبارہ کالج اساتذہ بنا دیا گیا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان چھ کالجوں کی حیثیت عام کالجوں جیسی نہیں۔ یہ یونیورسٹی کا درجہ رکھتے ہیں، ان کی خودمختاری اور ڈگری جاری کرنے کا اختیار اپنی جگہ موجود ہے مگر کہلائیں گے تو کالج ہی۔ کچھ حلقے یہ سوال بھی اُٹھا رہے ہیں کہ اگر یہ کالج نام کے ساتھ چلیں گے تو ان کے سربراہ کو پرنسپل کہا جائے یا وائس چانسلر۔ ایک زمانہ تھا کہ گورنمنٹ کالج لاہور کا پرنسپل بڑی بڑی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں پر بھاری ہوتا تھا۔ اب وائس چانسلر سربراہ کہلائے گا تو کیا سربراہ ادارہ کی وہ عظمتِ رفتہ واپس آ سکے گی جو پرنسپل کے نام سے ہوتی تھی۔ ان باتوں سے قطع نظر سنجیدہ سوال یہ ہے کہ اِن کالجوں کو جب یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا تھا اس وقت ان کا معیار کیا تھا اور یونیورسٹی کے بعد کیا یہ معیار آگے بڑھ سکا یا تنزلی کا شکار ہوا۔ سب سے بڑی تبدیلی یہ آئی تھی کہ اِن اداروں میں تعلیم مہنگی ہو گئی تھی۔ عام طالب علم اِن اداروں میں داخلے کا سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔ پھر تعلیمی معیار بھی نیچے آیا، اختیارات کی رسہ کشی بھی آئی۔ اساتذہ کے گروپ بھی بنے، وائس چانسلروں کو نظام چلانے کیلئے گروپ بندی کی کہیں حمایت اور کہیں مخالفت بھی کرنی پڑی۔ بڑھتے بڑھتے بات یہاں تک پہنچ گئی کہ ماضی کے ان عظیم الشان تعلیمی اداروں میں طلبہ و طالبات کے داخلے کم ہوتے گئے۔ گورنمنٹ کالج لاہور جیسا تاریخی اہمیت کا ادارہ کم میرٹ کے باوجود داخلوں کا ہدف پورا نہ کر سکا۔ کالجوں کو یونیورسٹیاں بنانے کا فیصلہ شروع دن سے متنازعہ رہا۔ یہ ایک سہل مگر بھونڈا راستہ تھا جو ہماری حکومتوں نے بڑی حد تک سیاسی مقاصد کیلئے اپنایا۔ یہ تمام ادارے بہت کامیابی سے چل رہے تھے۔ میں آپ کو گورنمنٹ ایمرسن کالج ملتان کی مثال دیتا ہوں۔ 1920ء میں قائم ہونے والے اس تاریخی کالج کو عثمان بزدار دور میں صرف سیاسی پوائنٹ سکورنگ کیلئے یونیورسٹی بنایا گیا۔ اُس وقت اس میں طالب علموں کی تعداد گیارہ ہزار تھی، جو صرف ایک سال کے بعد گیارہ سو رہ گئی۔ اب یہ یونیورسٹی آہستہ آہستہ آگے بڑھ رہی ہے۔

یونیورسٹیوں میں داخلوں کی کمی کا سب سے بڑا سبب بڑھتی ہوئی فیسیں ہیں یہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیاں غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات کی اُمید ہوتی تھیں، پھر ان کو بھی نجی یونیورسٹیوں کی طرز پر چلایا جانے لگا، فیسیں بے تحاشہ بڑھا دی گئیں، آگے روزگار کے مواقع بھی ناپید ہو گئے۔ تیسرا یونیورسٹیوں نے ایسے پروگرام بھی متعارف نہیں کرائے جو مارکیٹ میں اہمیت رکھتے ہوں۔ سوکھی پر مکھی مارنے کا یہ عمل نوجوانوں کو ان یونیورسٹیوں سے دور کرتا چلا گیا۔ اول ضرورت اِس پہلو پر توجہ دینے کی ہے کہ ایسا کیوں ہوا، اس کی بجائے کار پردازانِ تعلیم ایسے تجربے کر رہے ہیں جن کی ضرورت ہے اور نہ جن سے مجموعی حالات پر کوئی اثر پڑ سکتا ہے۔ چلیں جی ”یونیورسٹی“ کو ان کالجز کے ناموں سے نکال دیا گیا۔ اب اس کے بعد ایجنڈا کیا ہے۔

پاکستان۔خیال سے کمال تک



تاریخ کے جھروکوں اور ان جھروکوں کی اپنی ایک خاص اہمیت ہے۔ ان میں جھانک کر دیکھنا ضروری ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ان جھروکوں میں جھانکنا منع ہو اور ایسا کرنے سے جھٹکا، بلکہ وولٹ 420 کا جھٹکا لگنے کا خطرہ ہو؟ انسان ساخت کے اعتبار سے بڑا ہی مختلف ہے۔ یہ تھوڑا کسی سے ڈرتا ہے! ویسے بھی اسے صرف اپنے رب سے ڈرنا چاہئے اور باقی ساری مخلوق کو اس انسان نے ڈرانا ہے۔ واقعتاً ایسا نہیں ہے۔ انسان انسان میں فرق ہوتا ہے۔ کچھ انسان تو مذکورہ صفت سے متصف ہوتے ہیں، جبکہ بعض میرے جیسے بھی ہیں جن کے ہاں اَن ہونا سا خوف پایا جاتا ہے، حالانکہ اَن ہونی ہو کر رہتی ہے اور دنیائے رنگ و بو کا سارا نظام امکانات کی بنیاد پر قائم ہے۔ یہاں کچھ بھی ہو سکتا ہے، لہٰذا ڈر کس بات کا ہے؟

انسان کو بہرحال چوکنا اور محتاط رہنا پڑتا ہے تاکہ تدبیر کے پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا کردار ادا کرے اور آگے بڑھتا جائے۔ دنیا ویسے بھی ہوشیار لوگوں کی ہے۔ سست اور نکمے لوگ تو پھر اِدھر اُدھر دیکھ کر کبھی ہنستے ہیں اور کبھی روتے ہیں، یا پھر لمبی تان کر سو جاتے ہیں۔ سونے والے محض خواب دیکھتے ہیں، تاہم ذی ہوش لوگ پہلے خواب دیکھتے ہیں اور پھر انہیں حقیقت کا روپ دینے کے لئے کمر کس لیتے ہیں۔ ایک وقت ایسا آتا ہے جب ان کے خواب شرمندۂ تعبیر ہو جاتے ہیں۔ راقم الحروف تاریخ کا طالب علم ہے اور تاریخ کے جھروکوں میں جھانکنے کا مجھے بھی چسکا ہے۔ تاریخ کی کتابوں میں بھی خاصی ورائٹی ہے۔ کچھ کتابیں تو جہاں پناہ نے اپنی خصوصی نگرانی میں قلم بند کروائی ہیں۔ ویسے ایسی کتابیں اکثر و بیشتر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ڈبوں میں بند ہو جاتی ہیں اور تشنگانِ علم انہیں دور سے دیکھ کر ہی کہتے ہیں: قالوا سلاماً۔ ہاں، تاریخ کے ایسے مسودے بھی موجود ہیں جو ہر دور کے بارے میں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیتے ہیں۔ یوں اصل حقائق کھل کر سامنے آتے ہیں اور آنے والی نسلوں کو پیغام دینے کے ساتھ ساتھ دعوتِ فکر بھی دیتے ہیں۔ یہ کتابیں قارئین کی آنکھوں پر لگے غفلت، سست روی، جہالت اور اس نوعیت کے کئی دوسرے جالے صاف کر دیتی ہیں۔ یوں قاری صاحبِ بصارت ہو جاتا ہے اور اگر اس کے مطالعے میں تسلسل ہو تو صاحبِ بصیرت ہونے کا بھی امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ ہم نے تاریخ کے جھروکوں میں جھانکنے کی پوری کوشش کی اور کافی حد تک حقائق سے بھی آگاہ ہوئے۔ تاہم نظریہ ضرورت کی بھی ایک تاریخ ہے۔ اس تاریخ کے دہرائے جانے کا امکان تو موجود ہے، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم نظریہ ضرورت کی اس تاریخ کا دروازہ مستقل طور پر بند کر سکتے ہیں، یا پھر ناممکنات کی بھی کوئی اہمیت ہے اور بجز خاموشی کے ہمارے پاس کوئی دوسرا آپشن نہیں؟ مختصر مگر جامع بات یہ ہے کہ ہم تاریخ کے جھروکوں میں جھانکنے کا پورا حق رکھتے ہیں۔ گزشتہ دِنوں معروف کالم نگار اور دانشور مجیب الرحمن شامی نے یونیورسٹی آف لاہور میں ایک لیکچر دیا۔ اس کا موضوع تھا: ”پاکستان: خیال سے کمال تک“۔ موضوع اپنی اہمیت کے اعتبار سے منفرد اور عصرِ حاضر کی ایک اہم ضرورت ہے۔ نوجوان نسل، جو سرتا پا جنون ہی جنون سے بھری ہوئی ہے، اس کی تربیت ہماری اولین ترجیح ہونی چاہئے۔ بصورتِ دیگر جنون کا اگلا مرحلہ مجنوں ہونا بھی ہو سکتا ہے۔ انہوں نے گفتگو کا آغاز محمد بن قاسم سے کیا اور یہ وضاحت کی کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی باقاعدہ حکومت 1206ء میں قائم ہوئی اور قطب الدین ایبک برصغیر پاک و ہند کا پہلا مسلمان حکمران بنا۔ اس کی تاج پوشی بھی لاہور میں ہوئی۔ لاہور ہی میں وہ پولو کھیلتے ہوئے گھوڑے سے گر کر وفات پا گئے اور یہیں مدفون ہوئے۔ گویا مسلمانوں کے پہلے باقاعدہ حکمران کا مسکن لاہور تھا۔ بہرحال، مسلمانوں کے ایک طویل دور کا آغاز ہوا۔ غلاماں سے شاہاں کا زمانہ، سلطنتِ دہلی کا دور اور پھر مغلوں کا عہد۔ ہر سُو مسلمانوں ہی کی حکمرانی تھی۔ ویسے بھی اس پورے دور میں یا بادشاہ تھا یا رعایا۔ عوام کا وہ تصور، جس کی بنیاد پر جمہوریت معرضِ وجود میں آئی، اس وقت سرے سے موجود ہی نہیں تھا۔ شاید اسی لئے آج ہمارے پاس اس حوالے سے مصدقہ شواہد موجود نہیں کہ اس دور میں ہندوستان میں کتنے مسلمان اور کتنے ہندو آباد تھے۔ ظلِ الٰہی کا حکم چلتا تھا اور رعایا اس کے اشاروں کی پابند تھی۔ طاقت کی بنیاد پر اقتدار حاصل کیا جاتا تھا۔ ویسے بھی ہندوؤں کے ہاں یہ تصور پایا جاتا تھا کہ بادشاہ خدا کا اوتار ہے۔ وسطی ایشیا سے مسلمان حملہ آور آتے تھے، ہندوستان کو تہ و بالا کرتے اور واپس لوٹ جاتے تھے۔ مذکورہ سطور میں باقاعدہ حکومت کا ذکر کر دیا گیا ہے۔ شمس الدین التمش کی بصیرت اور مسلمانوں کے ایک نئے دور کا آغاز، غیاث الدین بلبن کی بلڈ اینڈ آئرن پالیسی اور علاء الدین خلجی کی معاشی پالیسیوں سے آگے بڑھتی ہوئی داستان مغلوں تک پہنچتی ہے۔ پھر مغلوں کا عروج و زوال، انگریزوں کی آمد اور آخری مغل حکمران بہادر شاہ ظفر کی حالتِ زار۔ اس حالت پر تو فطرت بھی زار و قطار روتی ہو گی۔ بات بادشاہ کے وظیفے تک آ پہنچی اور شعرائے کرام کے قصائد کا کلچر فروغ پانے لگا۔ ایک غیر عقلی حکمران کی شان میں قصیدے پڑھے جاتے رہے اور یوں 1857ء میں مسلمانوں کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔

مسلمان مجرم ٹھہرے، انگریز مطلق العنان حکمران بن گئے اور ہندوؤں کو کھل کر کھیلنے کا موقع مل گیا۔ مزید یہ کہ انگریز حکومت نے باقاعدہ مردم شماری بھی کروا دی۔ ہندو اٹھارہ کروڑ اور مسلمان پانچ کروڑ تھے۔ مسلمانوں پر ایک نئی آفت آن پڑی۔ اپنے ہی ملک میں اقلیت اور محکوم قوم کی حیثیت اختیار کر گئے۔ ہندو اکثریت کے مقابلے میں مسلمان اپنی سیاسی و سماجی حیثیت کے حوالے سے تشویش میں مبتلا ہو گئے۔ ہم سب سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔ ایسے میں سرسید احمد خان کی پختہ سوچ اور مسلمان قوم کی تنظیمِ نو کا خیال سامنے آیا۔ حضرت علامہ محمد اقبالؒ کی پُرجوش شاعری اور ایک علیحدہ ریاست کے قیام کا تصور اُبھرا۔ اس کے بعد قائداعظم محمد علی جناحؒ کی جہدِ مسلسل نے اس تصور کو عملی جدوجہد میں بدل دیا۔ یوں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بات خیال سے کمال تک جا پہنچی اور 14 اگست 1947ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آ گیا۔ یہ ایک طویل داستان ہے جو 712ء سے شروع ہوتی ہے اور 1947ء میں پاکستان کا سبز ہلالی پرچم فضا میں لہراتا ہے۔ فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھتی ہے۔ مذکورہ داستان آج کے دور کا ایک اہم موضوع ہے اور یونیورسٹی آف لاہور نے اس موضوع پر مجیب الرحمن شامی جیسی سنجیدہ اور عصرِ حاضر کی قدآور شخصیت کو مدعو کر کے ایک اہم فریضہ انجام دیا۔ آج کی نوجوان نسل کے سامنے ”پاکستان: خیال سے کمال تک“ کی پوری کہانی، بلکہ اس کے تمام خدوخال واضح کرنا ایک انتہائی اہم ضرورت ہے۔ یہ بات بھی ان پر واضح ہونی چاہئے کہ ہمیں مستقبل میں کس طرح آگے بڑھنا ہے، ہمارا آئندہ لائحہ عمل کیا ہونا چاہئے اور ہماری موجودہ صورتِ حال کیا ہے۔ ہمارے باہمی اختلافات، غیروں کی ریشہ دوانیاں اور بین الاقوامی صورتِ حال، یہ سب ایسے عوامل ہیں جنہیں پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے۔ ہمیں یہ ثابت کرنا ہے کہ ہم ایک زندہ اور پائندہ قوم ہیں۔ اس کا عملی مظاہرہ ہمارے کردار اور عمل سے ہونا چاہئے۔ بقولِ علامہ اقبالؒ:

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی، جہنم بھی

ہماری منزل جنت ہے اور پاکستان جنت نظیر۔ یہی ہے خلاصہ اس داستان کا، جس کا عنوان ہے: پاکستان: خیال سے کمال تک۔

شہرنامہ SHEHAR NAMA



فن و ثقافت

معاشرے میں پردہ دار خواتین کو زیادہ ہراساں کیا جاتا ہے، حنا بیات



کراچی (شوبز ڈیسک) معروف اداکارہ حنا بیات خواجہ نے خواتین کو ہراساں کیے جانے کے واقعات سے متعلق اپنا تجربہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ بعض اوقات مکمل پردے میں موجود خواتین کو زیادہ ہراسانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سینئر اداکارہ اپنی فنکارانہ صلاحیتوں، شخصیت اور سماجی معاملات پر واضح گفتگو کے باعث جانی جاتی ہیں۔ وہ اپنے کریئر کے آغاز میں میزبانی بھی کرتی رہی ہیں اور مختلف سماجی مسائل کو اجاگر کرنے والے پروگراموں کا حصہ رہی ہیں۔ حنا بیات نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے ایک سماجی تجربے کا ذکر کیا۔ ان کے مطابق دو لڑکیوں کو عام دیسی لباس میں ایک بازار سے گزارا گیا۔ کچھ لوگوں نے انہیں دیکھا، لیکن کسی نے کوئی نامناسب حرکت نہیں کی۔ اداکارہ کے مطابق بعد میں انہی لڑکیوں کو دوپٹے کے ساتھ بازار میں بھیجا گیا تو انہیں بعض لوگوں کی جانب سے نامناسب رویے کا سامنا کرنا پڑا۔ جب وہ مکمل حجاب میں وہاں گئیں تو انہیں چھیڑا گیا۔ حنا بیات نے کہا کہ یہ تجربہ ان کے لیے بھی حیران کن تھا۔ ان کے بقول اس مشاہدے سے یہ تاثر سامنے آیا کہ بعض مرد مکمل پردے میں موجود خاتون کو خود کا دفاع کرنے سے قاصر سمجھتے ہیں، جبکہ سادہ اور باوقار لباس میں پراعتماد نظر آنے والی خواتین کو زیادہ مضبوط تصور کرتے ہیں۔

فلک شبیر تو 'ابوبکر' کے بھی ابو ہیں، سارہ خان



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سارہ خان نے اپنے شوہر اور گلوکار فلک شبیر کا موازنہ مقبول پاکستانی ڈرامے کے کردار 'ابوبکر' سے کرتے ہوئے دلچسپ تبصرہ کر دیا۔ سارہ خان نے حال ہی میں ندا یاسر کے مارننگ شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی ازدواجی زندگی سے متعلق گفتگو کی۔ اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے اپنے شوہر سے زندگی میں پرسکون رہنا سیکھا ہے، کیونکہ پہلے وہ چھوٹی چھوٹی باتوں پر پریشان ہو جاتی تھیں، تاہم اب ان کی شخصیت میں ٹھہراؤ آ گیا ہے۔ اس دوران ندا یاسر نے ڈرامے کے کردار 'ابوبکر' کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ فلک شبیر بھی حقیقی زندگی میں ابوبکر جیسے ہیں جس پر سارہ خان نے مسکراتے ہوئے کہا کہ 'فلک تو ابوبکر کے بھی ابو ہیں'۔

کارڈی بی کے بیٹے کی پہلی سالگرہ، گلوکارہ نے خوبصورت تصاویر شیئر کر دیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف امریکی ریپر کارڈی بی نے اپنے سب سے چھوٹے بیٹے کی پہلی سالگرہ کے موقع پر پہلی بار اس کا نام ظاہر کرتے ہوئے خوبصورت تصاویر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیں۔ 33 سالہ گلوکارہ نے انسٹاگرام پر بیٹے کی سالگرہ کی تصاویر پوسٹ کیں جس کی تقریب کو مشہور امریکی ڈرامے 'گریز اناٹومی' کی تھیم پر سجایا گیا تھا۔ کارڈی بی نے انکشاف کیا کہ ان کے بیٹے کا نام 'گرے مارسیان ڈگز' ہے، جو نومبر 2025 میں پیدا ہوا تھا۔ گلوکارہ نے بیٹے کے لیے جذباتی پیغام لکھتے ہوئے کہا کہ تمہیں میری زندگی میں آئے صرف ایک سال ہوا ہے، لیکن ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے تم ہمیشہ سے میرے ساتھ ہو۔

سونی رازدان نے بھی دیوالی پر پٹاخے جلانے کو ملک دشمنی قرار دیدیا



ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) بالی ووڈ کی سینئر اداکارہ سونی رازدان نے بھی دیوالی پر پٹاخے جلانے کو ملک دشمنی قرار دے دیا۔ سونی رازدان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اپنی ایک پوسٹ میں مذہبی تہوار دیوالی پر جلائے جانے والے پٹاخوں کے باعث ہونے والی فضائی آلودگی پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے لکھا کہ کم عمر بچوں کے والدین بخوبی جانتے ہیں کہ فضائی آلودگی کس طرح بچوں کی صحت متاثر کر رہی ہے اور بیماریوں کے باعث بچوں کو کتنے دن اسکول سے غیر حاضر رہنا پڑتا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ اگر آپ مجھ سے کہیں کہ ایسے حالات میں دیوالی پر ایک بھی پٹاخہ جلانا بالکل ٹھیک ہے تو میں یہی کہوں گی کہ یہ مجھے زندگی کے خلاف، صحت کے خلاف اور ہاں ملک دشمنی کے مترادف لگتا ہے۔ سونی رازدان نے اپنی پوسٹ کے آخر میں لکھا کہ صحت ایک ایسا انتخاب ہے جو ہم اپنے اور اپنے بچوں کے لیے کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل اداکارہ دیا مرزا نے بھی دیوالی کے موقع پر پٹاخے جلائے جانے کے حوالے سے آگاہی ویڈیو شیئر کی تھی جس پر ممبئی کی شہری انتظامیہ نے بھارتیہ جنتا پارٹی کے اعتراض کے بعد دیا مرزا کی ویڈیو اپنی سماجی رابطوں کی ویب سائٹس سے ہٹا دی تھی۔

11 سال کی عمر میں منشیات کی پیشکش ہوئی، ہالی ووڈ اداکارہ کا انکشاف



نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ہالی ووڈ کی مشہور فلم 'لوگن' سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ ڈیفنی کین نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں محض 11 سے 13 سال کی عمر میں فلمی تقریبات کے دوران منشیات کی پیشکش کی جاتی تھی۔ 21 سالہ اداکارہ نے پوڈکاسٹ 'انسائیڈ آف یو' میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ کم عمری میں ہالی ووڈ کی دنیا میں قدم رکھنے کے بعد انہیں کئی ایسے تجربات کا سامنا کرنا پڑا جنہوں نے انہیں منشیات اور شراب سے دور رہنے پر آمادہ کیا۔ ڈیفنی کین کے مطابق انہیں فلم کی شوٹنگ مکمل ہونے پر منعقد ہونے والی پارٹیوں میں کوکین کی پیشکش کی گئی، تاہم انہوں نے ہمیشہ انکار کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ وہ آج بھی شراب اور منشیات سے دور رہتی ہیں اور دوستوں کے ساتھ تقریبات میں شرکت کے باوجود نشہ نہیں کرتیں۔ اداکارہ نے فلم 'لوگن' کے ساتھی اداکار ہیو جیک مین کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ان کے لیے والد جیسی شخصیت تھے۔ ڈیفنی کے مطابق ہیو جیک مین اس بات کا خاص خیال رکھتے تھے کہ سیٹ پر ان سے مقررہ اوقات سے زیادہ کام نہ لیا جائے اور وہ کسی دباؤ یا ناخوشگوار صورتحال کا شکار نہ ہوں۔ انہوں نے ہیو جیک مین کو نہایت شفیق اور حفاظت کرنے والا ساتھی قرار دیا۔

تصویر نمبر 1

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 2

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 3

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 4

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 5

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 6

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 7

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 8

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 9

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 10

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 11

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 12

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 13

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 14

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 15

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 16

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 17

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 18

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 19

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 20

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 21

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 22

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 23

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 24

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 25

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 26

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 27

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 28

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 29

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 30

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 31

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 32

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 33

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 34

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 35

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 36

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 37

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 38

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 39

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 40

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 41

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 42

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 43

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 44

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 45

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 46

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 47

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 48

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 49

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 50

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 51

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 52

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 53

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 54

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 55

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 56

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 57

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 58

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 59

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 60

ٹیکہ لگوانے کا مرکز

تصویر نمبر 61

ٹیکہ لگوانے کا مرکز



لاہور، این پی او اور ایشیائی پیداواری تنظیم کے زیر اہتمام ورکشاپ سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

ہفتہ وار مہنگائی میں مزید اضافہ، 21 اشیاء مہنگی، 20 کے نرخ مستحکم

ایک ہفتے میں پیٹرول 2.04 فیصد، ڈیزل 97.2 فیصد سستا ہوا، دال چنا 0.81 فیصد، کیلا 8.50 فیصد اور پیاز 8.20 فیصد سستا ہوا

سالانہ بنیادوں پر گندم کا آٹا 95.33 اور مرغی 81.31 فیصد، سرخ مرچ پاؤڈر 55.15 اور مٹن 54.14 فیصد مہنگا ہوا، ادارہ شماریات

اسلام آباد (آئی این پی) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی کی شرح میں 29.0 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 31.12 فیصد پر پہنچ گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 21 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، حالیہ ہفتے کے دوران 10 اشیا سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں، سالانہ بنیادوں پر ایل پی جی 88.114 فیصد مہنگی ہوئی، سالانہ بنیادوں پر ٹماٹر 89.78 فیصد مہنگے ہوئے جبکہ سالانہ بنیادوں پر بجلی چارجز 38.52 فیصد بڑھ گئے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک سال میں ڈیزل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

لاہور میں پانچ روزہ زرعی بین الاقوامی ورکشاپ اختتام پذیر

مقصد برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کو فروغ دینا ہے، اسامہ فیاض لغاری

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) نیشنل پروڈکٹیوٹی آرگنائزیشن (این پی او پاکستان) اور ایشیائی پیداواری تنظیم (اے پی او)، جاپان کے مشترکہ تعاون سے جدید زراعت اور زرعی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن کے فروغ کے موضوع پر منعقدہ پانچ روزہ بین الاقوامی ورکشاپ آج لاہور میں اختتام پذیر ہوگئی۔ 2 سے 6 نومبر 2026ء تک جاری رہنے والی اس بین الاقوامی ورکشاپ میں ایشیائی پیداواری تنظیم کے رکن ممالک کے بین الاقوامی مندوبین نے شرکت کی۔ ورکشاپ کے دوران 4 نومبر کو نیسلے پاکستان کے مطالعاتی دورے کا بھی اہتمام کیا گیا، جہاں شرکاء کو ڈیری مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن، غذائی اجناس کی پراسیسنگ اور جدید سپلائی چین مینجمنٹ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

این آئی پی اے میں سینئر مینجمنٹ کورس کے افسران کی گریجویشن تقریب

بدلتے ہوئے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ طرزِ حکمرانی اپنانا ہوگا، احسن اقبال

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ عوامی خدمات کی مؤثر فراہمی کے لیے بدلتے ہوئے دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ طرزِ حکمرانی اپنانا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال کے ہمراہ رخسانہ رفیق، ڈی جی نیپا عاصم اقبال و دیگر کا گروپ فوٹو

سفارتی روابط ناگزیر، سلامتی کونسل میں پاکستان کا صدارتی بیانیہ منظور

صدارتی بیان کا پیغام سادہ مگر نہایت طاقتور، دشمنی اور جنگ شروع ہونے کے بعد سفارت کاری ختم نہیں ہونی چاہئے

تنازعات میں سفارتی اقدامات کیلئے ایک سیاسی رہنما اصول فراہم کرے گا، پاکستانی مستقل مندوب سید حیدر شاہ کا بیان

نیویارک (آئی این پی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ ایک صدارتی بیان منظور کرلیا، جس میں تمام ممالک پر زور دیا گیا ہے کہ مسلح تنازعات شروع ہونے کے بعد بھی سفارتی روابط جاری رکھے جائیں، جنگ بندی کے لئے مسلسل کوششیں کی جائیں، کشیدگی کو بڑھنے سے روکا جائے اور دیرپا سیاسی حل تلاش کیا جائے۔ فعال جنگی حالات میں سفارت کاری کا کردار کے عنوان سے جاری ہونے والے اس بیان میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ جنگ کے دوران بھی سفارتی روابط انتہائی اہمیت رکھتے ہیں، ان کے ذریعے شہریوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ڈی آئی جی جواد طارق کا اردل روم کا انعقاد

پولیس افسران و اہلکاروں کے مسائل کے حل کے لیے احکامات جاری



اسلام آباد (کرائم رپورٹر): ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد محمد جواد طارق نے پولیس افسران و اہلکاروں کے ذاتی اور محکمانہ مسائل کے حل کے لیے اردل روم کا انعقاد کیا جہاں افسران و اہلکاروں نے اپنے مسائل براہ راست پیش کیے۔ تفصیلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

کنگذم ویلی، کرکٹ ٹیپ بال سپر سکس ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب

مہمانوں نے غلام حسین شاہد کی صحت مند سرگرمیوں کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو سراہا



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) ملو کال گاؤں نزد چکری انٹرچینج بمقام کنگذم ویلی میں غلام حسین شاہد چیئرمین کنگذم گروپ، چوہدری سعادت علی خان لینڈ پروڈائیڈر کے تعاون سے کرکٹ ٹیپ بال سپر سکس ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں پاکستان پیپلز پارٹی راولپنڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

مفت تعلیم کے قانون پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے، CROL کی ہائیکورٹ میں رٹ

مفت اور معیاری تعلیم ہر بچے کا حق، صدر سینٹر فار رول آف لا محمد ماجد بشیر کا موقف



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سینٹر فار رول آف لا اسلام آباد (CROL) کی دائر کردہ رٹ پٹیشن میں ہدایت کی ہے کہ مفت اور لازمی تعلیم کے قانون 2012 پر اس کی حقیقی روح کے مطابق مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ پانچ سے سولہ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم کی فراہمی ممکن ہو سکے۔ یہ ٹرسینٹر فار رول آف لا کے صدر اور معروف انسانی حقوق کے وکیل محمد ماجد بشیر نے داخل کی تھی آئین پاکستان اور قانون برائے مفت و لازمی تعلیم 2012 کے تحت تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے اور ریاست اس حق کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

کانسٹیبل خضر حبیب کو تعریفی سرٹیفکیٹ کلاس۔I سے نواز دیا گیا

آئی جی اسلام آباد نے ان کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے حوصلہ افزائی کی



اسلام آباد (آغا اسد حیدری) فرض شناسی کا اعتراف اسلام آباد پولیس کے کانسٹیبل خضر حبیب کو تعریفی سرٹیفکیٹ کلاس۔I سے نواز دیا گیا اسلام آباد: اسلام آباد پولیس کے کانسٹیبل خضر حبیب کو فرائض منصبی نہایت محنت، لگن، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ساتھ سرانجام دینے پر انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ کلاس۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل کا جامعہ اسلامیہ سوڈھی جیوالی کا دورہ

مختلف شعبہ جات، تعلیمی نظام، ہاسٹل اور طلبہ کو دی جانے والی دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر نوشہرہ عمار انور گل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

گوجرخان میں بنیادی شہری سہولیات کی عدم فراہمی، میگا پروجیکٹ پر کام کی ست روی

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں بنیادی شہری سہولیات کی عدم فراہمی، میگا پروجیکٹ پر کام کی ست روی، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

گوجرخان میں انڈر پاسز کی تعمیر کے باعث بجلی کے بحران میں شدت

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان شہر میں دو اہم انڈر پاسز کی تعمیر کے دوران بجلی کی مسلسل اور غیر اعلانیہ بندش نے شہریوں اور تاجروں کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے، تعمیراتی سرگرمیوں کے باعث بجلی کی فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

نانبائیوں اور ایل پی جی مافیا کے من مانے نرخ، شہری پریشان

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کو بھی ترجیح دی جائے، مطالبہ

پشاور (نمائندہ شہرنامہ) پشاور میں تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ کی کارروائیوں کو شہریوں کی جانب سے سراہا جا رہا ہے، تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ روزمرہ زندگی سے جڑے دیگر عوامی مسائل پر بھی توجہ دینا ضروری ہے۔ شہریوں کے مطابق ایک طرف گھریلو ایل پی جی سلنڈروں کی فروخت میں مبینہ طور پر من مانے نرخ وصول کیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد سینئر صحافی شکیل آحمد کلیانہ کے بڑے بھائی کی وفات پر سکریٹری پریس کلب، ڈاکٹر فرقان احمد، صدر پی ایف یو جے ڈاکٹر سعدیہ کمال، سکریٹری فنانس عابد عباسی، ایڈیٹر شہرنامہ نیوز راجہ جاوید اختر اور دیگر دعائے مغفرت کر رہے ہیں

پاکستان اپنی سفارتی میابیوں کو معاشی طاقت میں تبدیل کرے، سردار مسعود

پاکستان کی معاشی کمزوری سب سے بڑا چیلنج، یونیورسٹی آف لاہور کے زیر اہتمام سیمینار سے سابق صدر آزاد کشمیر کا خطاب

اسلام آباد (نامہ نگار) امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو اپنے بڑھتے ہوئے سفارتی اثر و رسوخ اور ابھرتی ہوئی تزویراتی شراکت داریوں کو معاشی استحکام، تکنیکی ترقی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ہلال احمر کے زیر اہتمام ٹریننگ

طبی امداد ورکشاپ اہتمام پذیر

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) ہلال احمر آزاد کشمیر اور انٹرنیشنل کمیٹی آف دی ریڈ کراس کے زیر اہتمام جاری پانچ روزہ ابتدائی طبی امداد کی ورکشاپ (ٹریننگ آف ٹرینرز) اہتمام پذیر۔ ورکشاپ کا انعقاد مظفر آباد میں کیا گیا جس میں آزاد کشمیر کے تمام اضلاع کے علاوہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

بلدیہ گوجرخان کا بڑا ایکشن

سابق چیئرمین کا پلازہ سیل

آڈٹ انکوائری ٹیم کی نشاندہی پر بلڈنگز مالکان کو نوٹسز، خلاف ورزی پر کارروائی شروع

گوجرخان (بیورو رپورٹ) بلدیہ گوجرخان کا بڑا ایکشن، سابق چیئرمین بلدیہ کا پلازہ سیل آڈٹ انکوائری ٹیم کی نشاندہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

عمرہ کرنے والے اللہ کے خصوصی مہمان ہوتے ہیں، ملک ناظم

اڈیالہ (نامہ نگار) عمرہ کرنے والے اللہ کے خصوصی مہمان ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی، انکساری اور محبت کا بہترین مظہر بنتے ہیں۔ اس مبارک سفر سے دل پاکیزہ اور ایک عمرہ سے دوسرے عمرہ تک کے گناہوں کا کفارہ بھی ہوتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار الحاج ملک ناظم حسین صدر و متولی مرکزی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

گوجرخان، 7، 10 اور 12 نومبر کو ہفتہ وار بازار بند رکھنے کا فیصلہ

ہنگامی شیڈول جاری، اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین کو باضابطہ مراسلہ ارسال

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان میں انڈر پاسز کی تعمیر، بجلی کی لائنوں کی منتقلی کے لیے 10، 7 اور 12 نومبر کو ہفتہ وار بازار بند رکھنے کا فیصلہ، آئیسکو نے ہنگامی شیڈول جاری کر دیا تفصیلات کے مطابق گوجرخان شہر میں زیر تعمیر انڈر پاسز کے باعث بجلی کی لائنوں کی منتقلی اور نیٹ ورک کی تنصیبات کا کام بالآخر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سی ڈی اے میں نئی بھرتیاں، شہریوں نے خوش آئند قرار دیا

امید ہے عوامی بھلائی کے فیصلے بہتر انداز میں میرٹ کی بنیاد پر کیے جائیں گے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) عوامی حلقوں نے پاک فوج کے ریٹائرڈ قابل ترین افسران برگیڈیر (ر) راشد منظور ڈی جی پلاننگ، برگیڈیر (ر) محمد اظہر خان ڈی جی لینڈ اسٹیٹ اور برگیڈیئر (ر) جاوید اقبال ڈی جی سوک سینٹر کی تعیناتی کو سی ڈی اے سے کرپشن کے ناسور کو ختم کرنے میں مدد فراہم کرنے اور عوام کو میرٹ کے مطابق سہولیات فراہم کرنے کا حکومتی احسن اقدام قرار دیا ہے، عام عوام نے وفاقی ترقیاتی ادارے (سی ڈی اے) میں تین برگیڈیئرز کی بطور ڈی جی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)



اڈیالہ، صاحبزادہ انوار شاہد ہمدانی کو ملک ناظم، عبدالمنان و دیگر مبارکباد پیش کر رہے ہیں

چارسدہ: پیپلز پارٹی رہنماؤں کا ٹی ایچ کیو ہسپتال کا دورہ

ذمہ داری اور خلوص کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے، گفتگو

چارسدہ (نمائندہ شہر نامہ) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے مقامی رہنماؤں میاں عارف گل اور سلیمان داؤد خان نے ٹی ایچ کیو ہسپتال تنگی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ہسپتال کے انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر پارٹی رہنماؤں نے ہسپتال میں جاری بہتری کے اقدامات اور عوام کو معیاری علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے کی جانے والی کوششوں پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر آمین خٹک کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ ذمہ داری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



حاجی سید انوار حسین شاہ ہمدانی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن واپسی پر مبارکباد پیش کی جا رہی ہے

کریئر اکیڈمی کی سوچ اور نظریہ محنت اور ایمانداری، جاوید انتظار

16 نومبر میں تمام اکیڈمیز میں نویں جماعت کی کریش ٹیسٹ سیریز شروع ہوگی



اسلام آباد (پ ر) کریئر کوچنگ سنٹرز (اکیڈمیز) 31 سال سے تعلیمی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ 31 سال پہلے شروع ہونے والے سفر میں کریئر اکیڈمیز نے مختلف علاقوں میں اپنی کارکردگی اور فیڈرل بورڈ میں ٹاپ پوزیشنز سے اپنی پہچان بنائی۔ جن میں کریئر اکیڈمی 1996 میں جی۔سیون مرکز ستارہ مارکیٹ، 2008 میں کریئر اکیڈمی کیانی روڈ بہارہ کہو، 2018 میں سملی ڈیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

6 نومبر انسانی تاریخ کا ایک سیاہ ترین باب ہے، خالد نواز

بھارتی افواج اور انتہا پسند ہندو تو اعناصر نے معصوم مسلمانوں کا منظم قتل عام کیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کسان ونگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات خالد نواز سدھرائچ نے یوم شہدائے جموں کے موقع پر کشمیری مسلمانوں پر ڈھائے جانے والے ان تاریخی مظالم کی شدید مذمت کی ہے جو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

تھانہ مورگاہ میں مصالحتی و امن کمیٹی کا ایک اہم مشاورتی اجلاس

امن و امان، جرائم کے خاتمے کے لیے اب تک کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ



راولپنڈی (نیوز رپورٹر) تھانہ مورگاہ میں مصالحتی و امن کمیٹی کا ایک اہم مشاورتی اجلاس زیر صدارت کمیٹی کے صدر قاری عنایت الرحمن منعقد ہوا، جس میں علاقے میں امن و امان کی فضا برقرار رکھنے اور جرائم کے خاتمے کے لیے اب تک کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری راجہ ذوالقرنین حسین، شہزاد اعوان، کرنل (ر) زاہد، مولانا انعام الحق، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

آذربائیجان کے سفیر کی چیئرمین گلوبل ٹریڈ ایکسپو سینٹر سے ملاقات

دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ تجارتی مواقع بڑھانے پر تبادلہ خیال

سیالکوٹ، اسلام آباد، راولپنڈی اور لاہور کی کاروباری شخصیات کی شرکت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے آذربائیجان کے سفارت پاکستان میں سفیر عزت مآب عرفان داؤدوف نے اسلام آباد میں آذربائیجان کے سفارت خانے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



اسلام آباد، چیئرمین گلوبل ٹریڈ ایکسپو سینٹر مظہر حسین آذربائیجان کے سفیر کو پھول پیش کر رہے ہیں

UC-45 مری روڈ چمن زار آریہ محلے میں صفائی کا نظام تباہ حال

علاقہ کچرہ کنڈی میں تبدیل، شکایات کے باجود کوڑا نہیں اٹھا جا رہا، ظہیر اعوان



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) UC-45 مری روڈ چمن زار آریہ محلے میں صفائی کا نظام تباہ حال، علاقہ کچرہ کنڈی میں تبدیل گوگل پن لوکیشن ویڈیوز تصاویر شکایات کے باجود کوڑا نہیں اٹھا جا رہا۔ ستھرا پنجاب اتھارٹی کی مجرمانہ غفلت کے خلاف احتجاج کریں گے۔ پاکستان سٹیزن رائٹس موومنٹ (PCRM) کے چیئرمین ظہیر احمد اعوان نے اندرون شہر یونین کونسل 45 مری روڈ، چمن زار کالونی، آریہ محلے کے دورے کے موقع پر کچرہ کنڈی کی نشاندہی اور صفائی کی ابتر صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مری روڈ کھلے پلاٹوں نالہ لئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن

لیڈی منشیات سپلائر سمیت 7 ملزمان گرفتار، ساڑھے 12 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن کرتے ہوئے لیڈی منشیات سپلائر سمیت 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ کارروائیوں کے دوران ساڑھے 12 کلوگرام سے زائد چرس برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے لیڈی منشیات سپلائر کو گرفتار کر کے 1 کلو 300 گرام چرس برآمد کی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سوئی نادرن گیس گوجرخان کے عملہ کی غفلت، خمیازہ عوام علاقہ بھگتنے پر مجبور

مین بازار میں گیس پائپ لائن کا کھلا مین ہول گاڑیوں اور انسانی زندگیوں سے کھیلنے لگا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) سوئی نادرن گیس گوجرخان کے عملہ کی غفلت کا خمیازہ عوام علاقہ بھگتنے پر مجبور، مین بازار میں گیس پائپ لائن کا کھلا مین ہول گاڑیوں اور انسانی زندگیوں سے کھیلنے لگا، کئی افراد گرنے سے بازو فریکچر کرا بیٹھے، آئے روز گاڑیوں کے ٹائر پھٹنے سے ٹریفک بلاک رہنے لگی، مریضوں کو ایمرجنسی سروسز پہنچانے والی ایمبولینسز کے ٹریفک میں پھنسنے سے ورثاء کی دہائیاں لڑائی جھگڑے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

خاور شاہ نیشنل بیس بال چیمپئن شپ ملتان فائنل فور میں داخل

پاکستان آرمی و پنجاب، جی ایف اسپورٹس و ہائیر ایجوکیشن کمیشن مدمقابل ہونگے، پرویز شیخ

مہمان خصوصی حیدر عثمان اٹھنگل ڈائریکٹر ایچ آر ایم میپکو و سیکرٹری اسپورٹس میپکو تھے



ملتان (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان فیڈریشن بیس بال کے زیر اہتمام ملتان میں جاری ستائیسویں خاور شاہ نیشنل بیس بال چیمپئن شپ فائنل فور میں داخل ہو گئی ہے پانچویں روز کے میچز میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن نے بلوچستان کو 12-0 سے ×، پنجاب نے اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

لاہور (صباح نیوز) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ مسائل، مطالبات اور احتجاجوں کو گفت و شنید کے بجائے محض طاقت کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

لوجرخان، خدمت مرکز میں صحافیوں کے لیے علیحدہ کاؤنٹر قائم

صحافیوں نے چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم سے مطالبات کیے تھے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کی کوششوں سے خدمت مرکز میں صحافیوں اور ان کے قریبی خونی رشتہ داروں کے لیے علیحدہ کاؤنٹر قائم کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

کشمیر میں طاقت کا استعمال نا عاقبت اندیشی سوا کچھ نہیں، سعد رفیق

زخموں پر مرہم رکھنے کیلئے پہل ہمیشہ سرکار کرتی ہے، آگے بڑھیں، نقصان ہو چکا ہے، مزید نقصان نہ کیا جائے، سابق وزیر

ہتھیار سرکار اٹھائے یا احتجاج کرنیوالے، حمایت نہیں کی جاسکتی، یہ عمل زخموں کو مزید گہرا کر رہا ہے، رہنما مسلم لیگ (ن)

شکایات سیل

شہرنامہ اسلام آباد

- آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جا رہا ہے۔
- آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- آپ کا حق تلف کیا گیا
- آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جا رہا ہے
- آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- آپ آگر قیمچہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356